ایماں کي 'ایتوں سے جنگل بھرا ھوا ھے

ایماں کي 'ایتوں سے جنگل بھرا ھوا ھے
بکھرا ھوا زمیں پر قراں پڑا ھوا ھے

ھے انتظار ماں کو 'انسو تھمے ھوئے ھیں
اصغر په ھے نگاھیں پردہ اٹھا ھوا ھے

شبیر کي جبیں پر یہ زخم ھے نمایاں
یا سرخ 'ایتوں میں قراں لکھا ھوا ھے

شبیر کي جبیں ھے اور زیر تیغ سجدے
اے کربلاء زمیں پر کعبة جھکا ھوا ھے

دولھا کا پیارا چھرہ اور اسپے خوں کي دھاریں
شبیر کا بھتیجہ دولھا بنا ھوا ھے

ننھي لحد سے اٹھکر بانو کے پاس 'اؤ
اصغر تمھارے خاطر جھولا تھما ھوا ھے

اکبر کے پاس 'اکر مولی ھے کشمکش میں
کس طرح نکلے برچھي سینہ چھدا ھوا ھے

ھے انقلاب عالم یوں جا رھي ھے زینب
چادر چھني ھوئي ھے بازوں بندھا ھوا ھے

اترا ھوا ھے چھرہ سوکھے ھوئے ھے 'انسو
اصغر کھاں سدھارے بانو کو کیا ھوا ھے

ٹوٹے ھوئے ھے تارے جھکتا ھوا ھے سورج
شبیر کا زمیں پر لاشہ پڑا ھوا ھے